# نئے آنے والے پناہ گزین - آپ کے لیے کیا جاننا اور کیا کرنا ضروری ہے

ہم آپ کو آسٹریلیا کی زندگی میں سیٹل ہونے کے لیے ادائیگیاں اور خدمات دیتے ہیں۔ اپنی ادائیگی لیتے رہنے کے لیے آپ کو بعض کام کرنے ہوں گے جنہیں ہم mutual obligation requirements (باہمی فرائض) کہتے ہیں۔

## اہم معلومات

آپ کو ہمیں اپنے حالات میں ہر قسم کی تبدیلیوں سے آگاہ کرنا ہو گا کیونکہ تبدیلیوں سے آپ کی ادائیگی پر اثر پڑ سکتا ہے۔

آسٹریلیا میں پہنچنے کی تاریخ سے لے کر پہلے 12 ہفتوں میں آپ کو mutual obligation requirements سے چھوٹ حاصل ہو گی تاکہ آپ ملک میں سیٹل ہو سکیں۔

12 ہفتے بعد ہم آپ سے ملیں گے اور زیادہ تر لوگوں کے لیے ہم ایک Job Plan بناتے ہیں۔ اس Job Plan میں بعض سرگرمیاں شامل ہوں گی جنہیں کرنا ادائیگی لیتے رہنے کے لیے لازمی ہے۔ یہ سرگرمیاں آپ کو آسٹریلیا کی زندگی میں سیٹل ہونے میں مدد دیں گی۔ آپ کے لیے اس اپائنٹمنٹ پر آنا لازمی ہے اور اس کے بعد آپ کو باقاعدگی سے Centrelink کو رپورٹنگ کرنی ہو گی۔ اگر آپ رپورٹنگ نہیں کریں گے تو آپ کی ادائیگی رک سکتی ہے۔

زیادہ تر لوگوں کو ہم آسٹریلیا میں 12 مہینے پورے ہونے سے پہلے کسی ایمپلائمنٹ سروس پرووائیڈر (روزگار دلانے والی ایجنسی) کے پاس نہیں بھیجتے اور ان کے لیے کام ڈھونڈنا ضروری نہیں ہوتا۔

کچھ لوگوں کو پہلے 12 ہفتوں کی چھوٹ کے بعد پرووائیڈر کے پاس بھیج دیا جاتا ہے۔ اگر ایسا ہو تو آپ کے لیے پرووائیڈر کے پاس اپائنٹمنٹس پر جانا اور Job Plan کے لیے بات چیت کرنا لازمی ہو گا ورنہ آپ کی ادائیگی رک سکتی ہے۔

اگر آپ جلد کام تلاش کرنے کے لیے مدد لینا چاہتے ہوں تو آپ آسٹریلیا آنے کے 6 ہفتے بعد سے ہی ایمپلائمنٹ سروس پرووائیڈر کے پاس بھیجے جانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## جب آپ آسٹریلیا پہنچیں

آپ کا کیس ورکر ہمیں آپ کے آسٹریلیا پہنچ جانے کی اطلاع دے گا۔ وہ آپ کو آپ کی نئے کلیم کی اپائنٹمنٹ کے متعلق بتائے گا۔

یہ اپائنٹمنٹ آپ کے آسٹریلیا پہنچنے یا آسٹریلیا میں اپنی آخری منزل پر پہنچنے کے بعد 3 دفتری دنوں کے اندر ہو گی۔ یہ اپائنٹمنٹ عام طور پر فون پر ہوتی ہے۔ آپ کے لیے اس اپائنٹمنٹ میں شریک ہونا لازمی ہے۔

اس اپائنٹمنٹ کے بعد ہمارا عملہ آپ کو آپ کی صورتحال کے لحاظ سے درست ادائیگی کا کلیم کرنے میں مدد دے گا۔

اگر آپ کی مدد کرنے والا کوئی نہ ہو تو اپنی زبان میں ہم سے بات کرنے کے لیے **131 202** پر کال کریں۔ ہم آپ کے لیے اس اپائنٹمنٹ کی بکنگ کریں گے۔

ہم آپ کے لیے بعض اور اپائنٹمنٹس بھی رکھیں گے۔ آپ کا اپنی تمام اپائنٹمنٹس میں شریک ہونا اہم ہے ورنہ آپ کی ادائیگی رک سکتی ہے۔

ہم آپ کو ایک سیمینار میں آنے کی دعوت دیں گے جہاں آپ ہماری ادائیگیوں اور خدمات کے متعلق سیکھیں گے۔ ہم آپ کو اس سیمینار میں شرکت کا مشورہ دیتے ہیں کیونکہ اس میں آپ کو آپ کی ادائیگی کے متعلق اہم معلومات حاصل ہوں گی۔ اس میں شرکت کرنا یا نہ کرنا آپ کا فیصلہ ہے۔

## ہمیں ہر قسم کی تبدیلیوں سے آگاہ کریں

جس دوران آپ ہم سے ادائیگی لے رہے ہوں، آپ کو ہمیں اپنے حالات میں تبدیلیوں کے متعلق بتانا ہو گا کیونکہ ان سے آپ کو ملنے والی ادائیگی پر اثر پڑ سکتا ہے۔ آپ کو تبدیلی کے بعد 14 دنوں کے اندر ہمیں بتانا ہو گا۔ ان صورتوں میں ہمیں بتائیں:

- آپ اپنی ذاتی تفصیلات یا رابطے کی تفصیلات بدلیں
- آپ اپنا پتہ بدلیں
- آپ اپنے پارٹنر (ازدواجی ساتھی) سے الگ ہو جائیں یا آپ کا نیا پارٹنر بن جائے
- آپ کسی شیر خوار بچے یا کسی دوسرے بچے کی دیکھ بھال شروع کریں یا چھوڑ دیں

- آپ اجرت دلانے والا کوئی کام کریں
- آپ بیمار یا زخمی ہو جائیں یا آپ کو کوئی معذوری ہو جائے۔

اگر ہمیں آپ سے معلومات لینے کی ضرورت ہو تو ہم آپ کو خط بھیجیں گے۔ ہم آپ کے پتے پر یا آپ کے myGov اکاؤنٹ میں خط بھیجیں گے۔ آپ کے پاس ہمیں معلومات دینے کے لیے 14 دن ہوں گے ورنہ آپ کی ادائیگی رک جائے گی۔ اگر آپ کو یہ خط سمجھنے کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو آپ ہمیں **131 202** پر فون کر سکتے ہیں۔

## 12 ہفتے بعد

آپ کے آسٹریلیا آنے کے 12 ہفتے بعد ہم آپ کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔ اس اپائنٹمنٹ میں ہم:

- یہ یقینی بنانے کے لیے جائزہ لیں گے کہ آپ کے حالات میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے
- (اگر ضروری ہو تو) آپ کے ساتھ ایک Job Plan بنائیں گے
- آپ کو mutual obligation requirements کے متعلق بتائیں گے
- آپ کے لیے رپورٹنگ کے تقاضے اور رپورٹنگ کا طریقہ بتائیں گے
- اگر آپ 12 مہینوں سے پہلے کام حاصل کرنے میں مدد لینا چاہتے ہوں تو ہم آپ کو کسی ایمپلائمنٹ سروس پرووائیڈر کے پاس بھیج سکتے ہیں
- (اگر مناسب ہو تو) آپ کو کمپلسری (لازمی) ایمپلائمنٹ سروسز کے پاس بھیج سکتے ہیں۔

آپ کے لیے اس اپائنٹمنٹس میں شریک ہونا لازمی ہے ورنہ آپ کی ادائیگی رک سکتی ہے۔

## Job Plan

اگر آپ کو کمپلسری ایمپلائمنٹ سروسز کے پاس نہ بھیجا گیا ہو تو ہم آپ کے ساتھ ایک Job Plan بنائیں گے جو آپ کے آسٹریلیا پہنچنے کی تاریخ کے بعد 12 مہینوں تک مؤثر ہو گا۔ یہ ایک معاہدہ ہے جس میں طے ہوتا ہے کہ آپ کو آسٹریلیا میں اپنی زندگی میں سیٹل ہونے کے لیے کونسی سرگرمیاں کرنی ہوں گی۔

ہم آپ کے ساتھ بات کریں گے کہ آپ کونسی سرگرمیوں میں سے چن سکتے ہیں۔ آپ کا کم از کم ایک سرگرمی کے لیے رضامند ہونا ضروری ہے۔

آپ کی سرگرمیاں یہ ہو سکتی ہیں:

- Humanitarian Settlement Program (انسانی ہمدردی کے تحت سیٹلمنٹ پروگرام) میں شرکت
- Adult Migrant English Program (بالغوں کے لیے انگلش سیکھنے کا پروگرام)
- Workforce Australia (تلاشِ روزگار کا سرکاری نیٹ ورک) میں شرکت
- آپ سے کیے جانے والے شرکت کے تقاضوں پر منحصر، کام، تعلیم یا تربیت کی دوسری منظور شدہ سرگرمیاں۔

آپ کو ادائیگی ملتی رہنے کے لیے یہ لازمی ہے کہ آپ اپنے Job Plan کی سرگرمیاں کریں۔

اگر آپ ان میں سے کوئی سرگرمی نہیں کر سکتے تو آپ ہمیں پہلے بتانے کے پابند ہیں۔ اگر آپ ہمیں نہیں بتائیں گے تو آپ کو ملنے والی ادائیگی رک سکتی ہے۔

## 12 ہفتے بعد آپ کو کیا کرنا ہو گا

ادائیگی لیتے رہنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ:

- اپنی تمام اپائنٹمنٹس میں شریک ہوں
- اپنے Job Plan کی سرگرمیاں کریں
- ہمیں بتائیں کہ آپ اپنی سرگرمیاں کر رہے ہیں
- اگر آپ کو کام سے آمدنی ملے تو ہمیں اس بارے میں بتائیں۔

ہر چودھویں دن اپنی ادائیگیاں لیتے رہنے کے لیے آپ کو طے شدہ سرگرمی کرنی ہو گی اور اپنی اپائنٹمنٹس میں شریک ہونا ہو گا۔ اگر آپ Centrelink یا پرووائیڈر کے پاس اپنی اپائنٹمنٹ پر نہ جا سکتے ہوں تو آپ کو فوراً ہمیں یا پرووائیڈر کو بتانا ہو گا۔

ہم آپ کو بتائیں گے کہ آپ کو کتنے وقفوں سے رپورٹنگ کرنی ہو گی۔ آپ ہمیں **131 202** پر کال کر کے، کسی سروس سنٹر میں جا کر یا myGov سے لنک کیے ہوئے اپنے Centrelink اکاؤنٹ کے ذریعے رپورٹ کر سکتے ہیں۔

## Employment Services Assessment (کام تلاش کرنے کے لیے خاص خدمات کی ضرورت کا جائزہ)

اگر آپ بیمار ہوں، آپ کے ساتھ کوئی حادثہ ہوا ہو یا کوئی معذوری اس پر اثر انداز ہوتی ہو کہ آپ کیا کام کر سکتے ہیں اور کتنے گھنٹے کام کر سکتے ہیں تو ممکن ہے کہ ہم Employment Services Assessment کا انتظام کریں۔

اس اسیسمنٹ سے ہمیں یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ آپ کتنے گھنٹے کام کر سکتے ہیں اور آپ کے لیے تلاشِ روزگار میں کس قسم کی مدد بہترین ہے۔

ہم صرف تب آپ کے لیے Employment Services Assessment کی بکنگ کر سکتے ہیں کہ آپ ہمیں میڈیکل ثبوت دیں۔

اگر آپ اپنی اپائنٹمنٹ پر نہ جا سکتے ہوں تو ہمیں بتائیں۔ آپ ہمیں **131 202** پر کال کر سکتے ہیں۔

## جب آپ کو آسٹریلیا میں رہتے ہوئے 12 مہینے گزر جائیں

جب آپ کو آسٹریلیا میں رہتے ہوئے 12 مہینے گزر جائیں گے اور اگر آپ پہلے ہی کمپلسری ایمپلائمنٹ سروسز کے ساتھ منسلک نہ ہوں تو آپ کی ہمارے ساتھ ایک اپائنٹمنٹ ہو گی۔

اس اپائنٹمنٹ میں ہم آپ کے حالات کا جائزہ لیں گے اور آپ کو Workforce Australia (تلاشِ روزگار کا سرکاری نیٹ ورک) کے پاس بھیجیں گے۔ آپ کے لیے اس اپائنٹمنٹ میں شریک ہونا لازمی ہے ورنہ آپ کی ادائیگی رک سکتی ہے۔

## Workforce Australia میں شرکت

Workforce Australia روزگار دلانے والی سروس ہے جو آپ کو کام کے لیے تیار کر سکتی ہے اور کام ڈھونڈنے میں مدد دے سکتی ہے۔ اس کی ایک آن لائن سروس اور پرووائیڈرز کا ایک نیٹ ورک ہے جو آپ کو:

- آپ کا ریزیومے (سی وی) لکھنے میں مدد دیتے ہیں
- انٹرویوز کی تیاری میں مدد دیتے ہیں
- وہ ہنر یا صلاحیتیں حاصل کرنے میں مدد دیتے ہیں جن کی مقامی آجروں کو ضرورت ہو
- ملازمت تلاش کرنے اور برقرار رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔

آسٹریلیا میں 12 مہینے پورے ہو جانے کے بعد آپ کے لیے Workforce Australia میں شریک ہونا لازمی ہے۔ تاہم اگر آپ جلد کام کی تلاش شروع کرنا چاہتے ہوں تو آپ آسٹریلیا آنے کے 6 ہفتے بعد سے ہی Workforce Australia میں شرکت کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

اگر آپ Inclusive Employment Australia (سب لوگوں کے لیے تلاشِ روزگار کی خدمات)، Transition to Work سال تک عمر کے لوگوں کے لیے روزگار کی خدمات) یا Remote Australia Employment Service (دور دراز علاقوں میں تلاشِ روزگار کی خدمات) کے لیے اہل ہوں تو ہم آپ کو آسٹریلیا آنے کے 12 ہفتے بعد ان کے پاس بھیجیں گے۔ آپ کے لیے اپنے Job Plan کی سرگرمیاں کرنا لازمی ہے ورنہ آپ کو ملنے والی ادائیگی رک سکتی ہے۔

شاید آپ کے گھر کے کچھ افراد ان پروگراموں کے لیے اہل ہوں۔ انہیں اپنی صورتحال کے لحاظ سے اپنے Job Plan کی سرگرمیاں کرنی ہوں گی۔

## Rent Assistance (کرائے کے لیے مالی مدد)

جب آپ گھر کا کرایہ ادا کرنا شروع کریں تو شاید آپ Rent Assistance لینے کے لیے اہل ہوں۔ یہ ایک اضافی ادائیگی ہے جو کرائے کا خرچ اٹھانے میں مدد دیتی ہے۔ آپ کو درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اگر آپ اس کے لیے اہل ہوں تو ہم خود ہی آپ کو یہ مدد دے دیتے ہیں۔

جب آپ ہمیں اپنا پتہ بتائیں تو ہم آپ سے پوچھتے ہیں کہ آپ کتنا کرایہ ادا کر رہے ہیں۔ اس کی بنیاد پر ہم حساب لگاتے ہیں کہ آپ کو کتنی Rent Assistance مل سکتی ہے۔

ہم آپ سے یہ ثبوت مانگ سکتے ہیں کہ آپ کتنا کرایہ ادا کرتے ہیں۔ اگر ہم مانگیں تو آپ ہمیں اپنا لیز ایگریمنٹ یا Rent Certificate (مالک مکان کی طرف سے کرایے کی تصدیق) دے سکتے ہیں۔

## مزید معلومات کے لیے

- Centrelink کی ادائیگیوں اور خدمات کے متعلق جاننے کے لیے ہمیں **131 202** پر فون کر کے اپنی زبان میں ہمارے ساتھ بات کریں۔ ہمیں کال کرتے ہوئے آپ کو ہمیں اپنا Customer Reference Number (CRN) بتانا ہو گا۔ اگر آپ اپنا CRN اینٹر نہ کریں یا آپ کو یہ معلوم نہ ہو تو آپ کو 3 بار انگلش میں ریکارڈنگ سنائی دے گی۔ تین بار انگلش میں پیغام کے بعد یہ سنائی دے گا ‘What language please?’ (آپ کی زبان کیا ہے؟) اپنی زبان کا نام بولیں اور پھر یہ کال آپ کی زبان بولنے والے کسی شخص سے مل جائے گی۔
- **servicesaustralia.gov.au/yourlanguage** پر جائیں جہاں آپ اپنی زبان میں معلومات پڑھ اور سن سکتے ہیں یا معلوماتی وڈیوز دیکھ سکتے ہیں
- Medicare کے لیے **132 011** اور Child Support کے لیے **131 272** پر فون کریں۔ اگر آپ کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہے تو ہمیں بتائیں اور ہم آپ کے لیے مفت انٹرپریٹر کا انتظام کریں گے
- کسی سروس سنٹر میں آئیں۔ اگر آپ کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہے تو ہمیں بتائیں اور ہم آپ کے لیے مفت انٹرپریٹر کا انتظام کریں گے۔

نوٹ: آسٹریلیا میں کسی بھی جگہ سے گھر کے فون سے ‘13’ سے شروع ہونے والوں نمبروں کو کال کرنے کی ایک مقررہ قیمت ہے۔ یہ شرح لوکل کال کی قیمت سے مختلف ہو سکتی ہے اور مختلف فون سروس پرووائیڈرز کے درمیان شرح میں فرق بھی ہو سکتا ہے۔ گھر کے فون سے ‘1800’ سے شروع ہونے والے نمبروں کو کی جانے والی کالیں مفت ہیں۔ پبلک فون اور موبائل فون سے کی جانے والی کالوں کا وقت نوٹ کیا جا سکتا ہے اور ان کی قیمت زیادہ ہو سکتی ہے۔

## اعلان دستبرداری

اس اشاعت میں شامل معلومات ادائیگیوں اور خدمات کے بارے میں صرف بطور رہنمائی دی گئی ہیں۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ فیصلہ کریں کہ آیا آپ کسی ادائیگی کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں اور اپنے مخصوص حالات کے حوالے سے درخواست دیں۔

# Newly arrived refugees – what you need to know and do

We provide payments and services to help you settle into life in Australia. To keep getting your payment, you must do certain things, we call these mutual obligation requirements.

## Important information

You need to tell us about any changes in your circumstances as they may affect your payment.

During the first 12 weeks from the date you arrive in Australia, you will be given an exemption from mutual obligation requirements to help you settle into the country.

After 12 weeks we will meet with you and, in most cases, make a Job Plan. This Job Plan will have activities that you must do to keep getting your payment. These activities help you settle into life in Australia. You must go to this appointment, and after that you will need to report to Centrelink regularly. If you don't, your payment may stop.

In most cases, we will not refer you to an employment services provider and you will not need to look for work until you have been in Australia for 12 months.

Some people are referred to a provider after the 12 week exemption. If that happens, you must attend appointments and negotiate a Job Plan with the provider or your payment may stop.

You can ask to be referred to an employment services provider from 6 weeks after you arrive in Australia if you want help to find work sooner.

## When you arrive

Your case worker will tell us when you have arrived in Australia. They will let you know about your new claim appointment.

This appointment will be within 3 business days of you arriving in Australia or when you reach your final destination in Australia. This appointment will usually be by phone. You must go to this appointment.

At this appointment, our staff will help you claim the right payment for your situation.

If you do not have anyone to help you, call **131 202** to speak to us in your language. We will book the appointment for you.

We will make some other appointments for you. It is important that you go to all your appointments, or your payment may stop.

We will invite you to a seminar to learn about our payments and services. We encourage you to go to the seminar because you will learn important information about your payment. You can decide if you want to go.

## Tell us about any changes

While you are getting a payment from us, you need to tell us if your circumstances change as it may affect your payment. You must do this within 14 days of any change. Let us know if you:

- change your personal or contact details
- change your address
- separate from your partner or have a new partner

- start or stop looking after a child, including having a baby
- do any paid work
- are sick, injured or have a disability.

We will send you a letter if we need information from you. We will send the letter to your address or your myGov account. You will have 14 days to give us the information or your payment may stop. If you need help understanding the letter, you can call us on **131 202**.

## At 12 weeks

We will meet with you after you have been in Australia for 12 weeks. At this appointment we:

- check to make sure your circumstances have not changed
- make a Job Plan with you (if required)
- tell you about your mutual obligation requirements
- tell you about your reporting requirements and how to report
- can refer you to an employment services provider, if you want help to get work before 12 months
- refer you to compulsory employment services (if appropriate).

You must go to this appointment, or your payment may stop.

## Job Plan

If you are not referred to compulsory employment services, we will make a Job Plan with you that is valid for 12 months from the date you arrived in Australia. It is an agreement that says what activities you will need to do to help you settle into your life in Australia.

We will talk to you about the activities you can choose. You must agree to do at least one activity.

Your activities can be:

- participating in the Humanitarian Settlement Program
- learning English through the Adult Migrant English Program
- participating in Workforce Australia
- doing other approved work, study or training activities, depending on your participation requirements.

You must do the activities in your Job Plan to keep getting your payment.

If you cannot do any of the activities, you must let us know beforehand. If you do not tell us, your payment may stop.

## What you need to do after week 12

To keep getting your payment, you must:

- go to all your appointments
- do your Job Plan activities
- tell us you are doing your activities
- tell us if you are getting any employment income.

To keep getting your payment every fortnight, you must do the agreed activity and go to your appointments. If you cannot go to a Centrelink or provider appointment, you need to let us, or your provider, know immediately.

We will tell you how often you need to report. You can report by calling us on **131 202,** going to a service centre or using your Centrelink account linked to myGov.

## Employment Services Assessment

If you are sick, injured, or have a disability that affects what work you can do or how many hours you can work we may arrange an Employment Services Assessment.

This assessment helps us understand how many hours you can work and what type of employment help is best for you.

You will need to give us medical evidence before we book an Employment Services Assessment for you.

Let us know if you cannot go to your appointment. You can call us on **131 202**.

## When you have been in Australia for 12 months

You will have an appointment with us once you have been in Australia for 12 months if you are not already with compulsory employment services.

At this appointment we will check your circumstances and refer you to Workforce Australia. You must go to this appointment, or your payment may stop.

## Participating in Workforce Australia

Workforce Australia is an employment service that can help you prepare and look for work. It has an online service and a network of providers to help you:

- write your resume
- get ready for interviews
- get skills that local employers need
- find and keep a job.

You have to participate in Workforce Australia after you have been in Australia for 12 months. However, you can choose to participate in Workforce Australia from 6 weeks after you arrive in Australia if you want to find work sooner.

If you qualify for Inclusive Employment Australia, Transition to Work or the Remote Australia Employment Service, we will refer you after 12 weeks in Australia. You will have to do the activities in your Job Plan or your payment may stop.

You may have some family members that will be eligible for these programs. They will have to do the activities in their Job Plan depending on their situation.

## Rent Assistance

When you start paying rent you may be able to get Rent Assistance. This is an extra payment to help with your rent costs. You do not need to apply, we automatically pay you if you are eligible.

When you tell us your address, we will ask you how much rent you are paying. We use this to work out how much Rent Assistance you can get.

We may ask you to give us proof of how much rent you pay. You can give us a lease agreement or fill in a Rent Certificate if we ask you to.

## For more information

- For Centrelink payments and services, call **131 202** to speak with us in your language. You need your Customer Reference Number (CRN) when you call us. If you don't enter or know your CRN, you will hear the recording speak 3 times in English. After the third time, the voice will say 'What language please?'. Say your language and you will be connected with someone who speaks your language.
- go to **servicesaustralia.gov.au/yourlanguage** where you can read, listen to or watch videos with information in your language
- call **132 011** for Medicare and **131 272** for Child Support. Let us know if you need an interpreter, and we will arrange one for free
- visit a service centre. Let us know if you need an interpreter and we will arrange one for free.

Note: calls from your home phone to '13' numbers from anywhere in Australia are charged at a fixed rate. That rate may vary from the price of a local call and may also vary between telephone service providers. Calls to '1800' numbers from your home phone are free. Calls from public and mobile phones may be timed and charged at a higher rate.

## Disclaimer

The information contained in this publication is intended only as a guide to payments and services. It's your responsibility to decide if you wish to apply for a payment and to make an application with regard to your particular circumstances.